قومی انڈر 19 تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا پہلا راؤنڈ مکمل

- خیبرپختونخوا نے بلوچستان کو شکست دے دی
- 128 گیندوں پر 19 رنز بنانے والے ابرار حسین نے سنٹرل پنجاب کو یقینی شکست سے بچالیا
- سدرن پنجاب اور ناردرن کے درمیان میچ بے نتیجہ ختم

لاہور، 3 اکتوبر 2019ء:

جناح اسٹیڈیم سیالکوٹ میں خیبرپختونخوا نے بلوچستان کوایک اننگز اور 60 رنز سے شکست دے دی ۔286 رنز کے جواب میں بلوچستان کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں فالو آن کا شکار ہونے کے بعد دوسری اننگز میں بھی 97 رنز پر ڈھیر ہوگئی ۔اس سے قبل بلوچستان کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 129رنز پر بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔فالو آن کا شکار ہونے کے بعد بلوچستان نے 31 رنز 1 کھلاڑی آؤٹ سے میچ کے آخری روز اننگز کا آغاز کیا تو 40.2 اوورز میں 97 رنز بناکرآؤٹ ہوگئی۔دوسری اننگز میں بلوچستان کے 5 کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہیں ہوسکے۔خیبرپختونخوا کی جانب سے فاسٹ باؤلر محمد عمران نے 7، وسیم خان جونیئر نے 6 اور محمد علی نےمیچ میں 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔اس سے قبل ثاقب جمیل، سلمان خان جونیئر اور محمد عامر کی نصف سنچریوں کی بدولت خیبرپختونخوا نے 286 رنز بنائے تھے۔

دوسری جانب اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں سندھ اور سنٹرل پنجاب کے درمیان دلچسپ مرحلے میں داخل ہونے والا میچ بالآخرڈرا ہوگیا۔میچ کے آخری روز سندھ نےمجموعی طورپر70 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کیاتو اوپنر جہانزیب سلطان نے شاندار سنچری اسکور کی۔ میزبان ٹیم نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 217 رنز بنا کر اننگز ڈکلیئر کردی ۔ سنٹرل پنجاب کو میچ جیتنے کے لیے 269 رنز کا ہدف ملاتاہم 2 کے مجموعی اسکور پر ان کی پہلی وکٹ گرنے کے بعد مڈل آرڈر نے محتاط انداز میں بیٹنگ شروع کردی۔ 95 اسکور پر 6 وکٹیں گرنے کے بعد ابرار حسین نے وکٹ کے اینڈ سے

سندھ کے باؤلرز کے خلاف دفاعی کھیل کامظاہرہ کیا ۔ انہوں نے 128 گیندوں پر ناقابل شکست 19 رنز بناکر ٹیم کو یقینی شکست سے بچالیا۔ابرار حسین کی بھرپور دفاعی حکمت عملی کے باعث سنٹر ل پنجاب کی ٹیم میچ بے نتیجہ ختم کرنے میں کامیاب رہی۔ میچ کے لیے مقررہ وقت کے اختتام پر سنٹرل پنجاب نے 75 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 140 رنز بنائے تھے۔اس سے قبل سندھ نےاپنی پہلی اننگز میں 204 رنز بنائے تھے۔ جواب میں سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم 152 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔

مظفرآباد اسٹیڈیم میں جاری سدرن پنجاب اور ناردرن کے درمیان انڈر 19 میچ بے نتیجہ ختم ہوگیا ہے۔ شہر میں جاری غیرمتوقع بارشوں کے باعث تین روزہ میچ میں کل136.2 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکا۔ میزبان ٹیم نے 8 وکٹوں کے نقصان پر 225 رنز سےمیچ کے آخری روزاپنی پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کیاتو مقررہ 83 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 273 رنز کا مجموعہ بنایا۔سدرن پنجاب کے حارث جاوید نے 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں 11 رنز پر سدرن پنجاب کےپہلے 3 کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ چکے تھے۔ جس کے بعد فیضان ظفر اور محمد آصف نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ فیضان ظفر 60 اور محمد آصف 34 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ مہمان ٹیم نے 53.2 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 122 رنز بنائے تھے کہ میچ کے لیے مقررہ وقت ختم ہونے امپائرز نے میچ کو بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk